**10.06.2025**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

**Music**

---------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے اُن کُل پارٹی وفود کے ارکان کے ساتھ میٹنگ کی جو پاکستان کی حمایت والی دہشت گردی کو بے نقاب کرنے کیلئے بھارت کی سفارتی رابطہ کاری کا ایک حصہ تھے۔

☆ بھارت نے پاکستان کو خبردار کیا ہے کہ دہشت گردانہ حملے کے ذریعے اگر اُکسایا گیا تو پاکستان کے اندر تک گھس کر اس کا جواب دیا جائے گا۔ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے آپریشن سندور کو دہشت گردی کے خلاف بھارت کی تاریخ میں سب سے بڑی کارروائی قرار دیا ہے۔

☆ بھارت نے 241 گیگاواٹ کی بجلی کی انتہائی زیادہ مانگ کو بغیر کسی کمی کے پورا کیا ہے۔ پچھلے مالی سال میں اب تک کی سب سے زیادہ 34 گیگاواٹ بجلی کا اضافہ ہوا ہے۔

☆ بھارت کے خلا باز شبھانشو شُکلا کل امریکہ میں فلوریڈا سے Axiom-4 مشن پر بین الاقوامی خلائی اسٹیشن کیلئے اپنے اوّلین سفر پر روانہ ہونے کیلئے تیار ہیں۔

☆ انگلینڈ نے غزہ کے بارے میں دو اسرائیلی وزیروں کے بیان کے سلسلے میں اُن پر پابندی عائد کردی ہے۔

☆ اور Austrian ریس واکنگ چمپئن شپ میں بھارت کی ایتھلیٹکس کھلاڑی پرینکا گوسوامی نے سونے کا، سندیپ کمار نے چاندی کا اور رام بابو نے کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔

---------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM All Party Delegation Meet**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کُل جماعتی سات وفود کے اُن ارکان کے ساتھ ایک میٹنگ کی میزبانی کی، جنہوں نے آپریشن سندور کے بعد پاکستان کی سرپرستی والی دہشت گردی کے خلاف، بھارت کے مضبوط موقف سے آگاہ کرنے کی غرض سے حال ہی میں کئی ملکوں کا دورہ کیا تھا۔ یہ میٹنگ، نئی دلّی میں وزیر اعظم کی رہائش گاہ پر ہوئی۔ اس میٹنگ میں پارلیمانی امور کے وزیر کیرن رجیجو، DMK کی رکنِ پارلیمنٹ کنی موئی، BJP کے ارکانِ پارلیمنٹ روی شنکر پرساد، انوراگ سنگھ ٹھاکر، Bansuri سوراج، نِشی کانت دوبے، کانگریس کے ارکانِ پارلیمنٹ ششی تھرور اور منیش تیواری اور دیگر نے شرکت کی۔اس وفد نے، پاکستان کو عالمی سطح پر بے نقاب کرنے کی

غرض سے بھارت کی سفارتی رابطہ کاری کے حصے کے طور پر 33ملکوں کا دورہ کیا تھا۔x

## Rev. All Party Delegation

کانگریس کے رکن پارلیمنٹ ششی تھرور کی قیادت میں آخری کُل جماعتی وفد، پانچ ملکوں کا اپنا کامیاب دورہ مکمل کرنے کے بعد، آج بھارت لوٹ آیا ہے۔ اس وفد نے امریکہ، پناما، گیانا، برازیل اور کولمبیا کے اپنے دورے کے دوران ان ملکوں کی قیادت کو سبھی قسم کی دہشت گردی سے نمٹنے سے متعلق بھارت کے قومی اتفاقِ رائے اور عزم مصمم سے واقف کرایا۔

نئی دلّی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے، جناب تھرور نے کہا کہ اس وفد نے اپنے دورے کے دوران کئی میٹنگیں کیں، جن میں اپنی تشویش کے تعلق سے مثبت جواب موصول ہوئے۔

آپریشن سندور کے بارے میں کولمبیا کے اس سے پہلے کے بیان کا ذکر کرتے ہوئے، جسے بعد میں واپس لے لیا گیا تھا، جناب تھرور نے بتایا کہ وفد نے در حقیقت کولمبیا کے اس سے پہلے کے موقف کو بدلنے میں کامیابی حاصل کی ہے، جو شاید کافی غور و خوض کئے بغیر اختیار کیا گیا تھا۔

S/B: Shashi Tharoor- All Party Delegation

## Rev. Jaishankar Interview

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے سرحد پار دہشت گردی کے معاملے پر پاکستان کو خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر دہشت گردانہ حملوں سے بھارت کو اُکسایا گیا تو پاکستان کے اندر تک گھس کر اس کا جواب دیاجائے گا۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ حالیہ پہلگام حملے جیسی وحشیانہ کارروائیوں کی صورت میں دہشت گردانہ تنظیموں اور ان کی قیادت کے خلاف بدلے کی کارروائی کی جائے گی۔ وزیر موصوف نے یہ بات ایک امریکی سیاسی ڈیجیٹل اخبار کو دیئے گئے اپنے ایک انٹرویو میں کہی۔ ڈاکٹر جے شنکر، اس وقت یوروپ کے سفر پر ہیں، نے کہا کہ پاکستان ہزاروں دہشت گردوں کو کھلے عام تربیت دے کر بھارت پر حملہ کرنے کیلئے بھیج رہا ہے۔

ایک دیگر روزنامے کے ساتھ اپنے انٹرویو میں، ڈاکٹر جے شنکر نے زور دے کر کہا کہ چین، پاکستان کے ساتھ اپنے قریبی تعلقات کے تناظر میں دہشت گردی سے لڑنے میں ڈھکی چُھپی صورتحال اور دوہرے معیار کو اختیار نہیں کرسکتا۔Luxembarg اور Belgium میں بھارتی برادری کے نمائندوں سے خطاب کرتے ہوئے، ڈاکٹر جے شنکر نے پھر سے خبردار کیا کہ بھارت دہشت گردی کے خلاف جوابی کارروائی کرے گا، خواہ اس کا مقام پاکستان میں کہیں بھی ہو۔

S/B: Jaishankar on O.P. Sindoor

## Rajnath Pahalgam

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ آپریشن سندور بھارت کی تاریخ میں دہشت گردی کے خلاف سب سے بڑی کارروائی تھی۔ دہرہ دون میں آج ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ پہلگام

دہشت گردانہ حملہ نہ صرف بھارتی شہریوں پر ایک حملہ تھا بلکہ یہ ملک کی سماجی یکجہتی پر بھی ایک حملہ تھا۔ وزیر دفاع نے زور دے کر کہاہے کہ پہلگام میں دہشت گردوں نے متاثرین کو اُن کے مذہب کی بنیاد پر نشانہ بنایا لیکن بھارت نے مذہب کے پیش نظر نہیں بلکہ اُن کے اعمال کی بنیاد پر فیصلہ کن ردعمل ظاہر کیا۔ جناب سنگھ نے بین الاقوامی برادری سے زور دے کر کہا کہ وہ دہشت گردی سے نمٹنے کیلئے پاکستان پر حکمت عملی پر مبنی اور سفارتی اور اقتصادی دباوٗ ڈالیں۔

S/B 2100 Rajnath

وزیر موصوف نے مزید کہا کہ بھارت اپنی سرحدوں کی حفاظت کر رہا ہے اور ایک ایسا نظام تشکیل دے رہا ہے جو اُسے حکمت عملی، اقتصادی اور تکنیکی اعتبار سے مضبوط بنا رہا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ آپریشن سندور اِس بات کا ثبوت ہے کہ حکومت نے قومی سلامتی کے معاملات کے تئیں رویّے میں تبدیلی لاکر ملک کے سلامتی نظام کی کایا پلٹ کردی ہے۔x

## Manohar Lal Power Min

بجلی کے مرکزی وزیر منوہر لال نے کہا ہے کہ بھارت نے 241 گیگاواٹ کی بجلی کی انتہائی زیادہ مانگ کو کل کامیابی کے ساتھ پورا کیا ہے اور اب بجلی کی بالکل بھی قلت نہیں ہے۔ جناب منوہر لال نے کہا ہے کہ بھارت نے سال 2024-25 کے دوران 34 گیگاواٹ بجلی تیار کرنے سے متعلق اب تک کی اپنی سب سے بڑی صلاحیت کا اضافہ کیا ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ بجلی کے شعبے نے، نریندر مودی حکومت کے تحت، گزشتہ گیارہ برس کے دوران بے مثال ترقی کی ہے اور نریندر مودی حکومت، خدمات، اچھی حکمرانی اور غریبوں کی فلاح و بہبود کیلئے وقف ہے۔

S/B: Manohar Lal- Peak Demand

## Special Feature 11 Years of Govt

ملک میں، پچھلے 10 سال میں سیوا، Sushasan اور غریب کلیان کے اصولوں کی بدولت نمایاں کایا پلٹ ہوئی ہے۔ آکاشوانی نیوز، مختلف اہم شعبوں میں حکومت کی 11 سال سے جاری کوششوں پر ایک خصوصی فیچر پیش کررہا ہے۔ آج ہم دفاع میں آتم نربھرتا پر توجہ مرکوز کر رہے ہیں اور بھارت کو ایک عالمی طاقت بنانے کے سفر کی بات کر رہے ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ........

V/C Vishnu

بھارت نے پچھلی دہائی میں سکیورٹی سے متعلق اپنے طریقۂ کار میں پوری طرح تبدیلی کرتے ہوئے، اِس میں شفافیت، اعتراف اور اعتماد پیدا کیا ہے۔ 2016 میں سرجیکل اسٹرائیک سے لے کر 2025 میں آپریشن سندور تک یہ پیغام واضح ہے کہ بھارت اپنی قومی سلامتی کو درپیش کسی بھی طرح کے خطرات کو ہرگز برداشت نہیں کرے گا۔

آپریشن سندور، دہشت گردی کے تئیں بھارت کے جواب کی، ایک یکسر تبدیلی لانے والی گھڑی تھی۔ نہایت احتیاط کے ساتھ کی گئی اس کارروائی میں ایک مربوط مشن کے تحت سرحد کے پار دہشت گردوں کے 9 کیمپوں کو تباہ کیا گیا، جو پہلگام دہشت گردانہ حملے کا ایک تیز اور فیصلہ کن جواب تھا۔

ملک ہی میں تیار کئے گئے دفاعی ساز و سامان نے، آپریشن سندور کی کامیابی میں اہم رول ادا کیا، جس سے قومی سلامتی کو حکمت عملی سے آگے بڑھا کر عمل آوری میں تبدیل کرنے کی عکاسی ہوتی ہے۔

بھارت، طیارہ بردار بحری جہاز INS وِکرانت سے لے کر اونچی پرواز کرنے والے ہلکے لڑاکا ہیلی کاپٹر، LCH Prachanda تک کو تیار کررہا ہے اور انہیں پورے اعتماد کے ساتھ کام پر لگا رہا ہے۔ دفاعی مہارت کیلئے اختراعات iDEX جیسے اقدامات کرکے ہم اپنی فوجوں کو جدید ترین طریقۂ کار کی فراہمی سے اسٹارٹ اَپس اور MSMEs کو بااختیار بنارہے ہیں۔ مزید یہ کہ دفاعی ساز و سامان کی برآمدات میں 2014سے اب تک ریکارڈ 23 ہزار 622 کروڑ روپے کا اضافہ ہوا ہے، جو 34 گنا ہے۔

پانچ ہزار سے زیادہ قسم کا ساز و سامان اب، ملک ہی میں تیار کئے گئے ساز و سامان کی فہرست میں ہے اور دفاعی ساز و سامان حاصل کرنے سے متعلق75فیصد بجٹ گھریلو مصنوعات کی تیاری کیلئے مخصوص ہے۔ یہ بجٹ 2025-26 کیلئے ہے۔ سرحدوں سے لے کر کارخانوں تک، میدانِ جنگ سے لے کر بورڈ Rooms تک، بھارت ایک نئے دَور کی تشکیل کررہا ہے، جہاں سلامتی، ہماری طاقت ہے اور خود کفالت ہماری حفاظت ہے۔

Vishnu کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں عبدالمالک

## PM Defence Sector

وزیراعظم نریندر مودی نے گزشتہ 11سال میں بھارت کے دفاعی شعبے میں قابل قدر تبدیلیوں کو اُجاگر کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیراعظم نے کہا کہ دفاعی سامان کی تیاری کے شعبے میں جدید طرز پر ڈھالنے اور خود کفالت حاصل کرنے، دونوں پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔ جناب مودی نے یہ بھی کہا کہ یہ بہت خوش آئند پہلو ہے کہ ملک کے عوام نے کس طرح مل کر ملک کو مضبوط بنانے کی خاطر مشترکہ عزم کا مظاہرہ کیا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر، وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا کہ وزیر اعظم مودی کی قیادت میں گزشتہ گیارہ برس میں بھارت کے دفاعی ساز و سامان کی تیاری کے شعبے میں تاریخی اور کایا پلٹ کر دینے والی تبدیلی آئی ہے۔ x

## PM Textile

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک کا ٹیکنیکل ٹیکسٹائل کے شعبے میں تیز رفتار ترقی ہو رہی ہے جو نیشنل ٹیکنیکل ٹیکسٹائل مشن اور پیداوار سے وابستہ سہولیات جیسی اسکیموں کی بدولت ممکن ہو پا رہا ہے۔ ٹیکسٹائل کے وزیر گری راج سنگھ کی جانب سے سوشل میڈیا پر جاری ایک پوسٹ پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے جناب مودی نے زور دے کر کہا کہ اِن کوششوں سے ملک میں مینوفیکچرنگ میں خاطر خواہ اضافہ، اختراعات میں تیزی اور برآمدات میں پیشرفت ہو رہی ہے جس سے بھارت ٹیکنیکل ٹیکسٹائل کے شعبے میں ایک عالمی لیڈر کی پوزیشن اختیار کر رہا ہے۔x

## Yoga Registration

ملک بھر سے پچاس ہزار سے زیادہ تنظیموں نے یوگا سنگم کیلئے رجسٹریشن کیا ہے جو اِس ماہ کی 21 تاریخ کو منعقد کیا جائے گا، جو کہ اجتماعی شرکت کی ایک نئی علامت بن گیا ہے۔ آیوش کی وزارت نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ راجستھان اس سلسلے میں سب سے آگے ہے اور اِس تقریب کیلئے 11 ہزار سے زیادہ تنظیموں نے رجسٹریشن کیا ہے۔ دوسرے نمبر پر سات ہزار رجسٹریشن کے ساتھ تلنگانہ ہے اور مدھیہ پردیش سے پانچ ہزار رجسٹریشن ہوئے ہیں۔x

## Mumbai FSDC Meeting

مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے منضبط کاروں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ بینکوں میں جمع اُن رقومات، شیئرز، بیمے کی رقم اور پنشن کے فنڈس کو ضلع کی سطح پر لگائے گئے خصوصی کیمپوں کے ذریعے ریفنڈ کرنے میں تیزی لائیں جن کیلئے کسی نے Claim نہیں کیا ہے۔ انھوں نے وضاحت کی کہ شہریوں کے مفادات کو سب سے آگے رکھنے اور اس بات کو یقینی بنانے کی ضرورت ہے کہ ریفنڈ کا عمل بلارکاوٹ ہو۔ وزیر موصوف نے ممبئی میں آج مالیاتی استحکام اور ترقیاتی کونسل کی 29ویں میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے یہ بات کہی۔x

## Ashwini Vaishnaw AI

اطلاعات ونشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ بھارت میں مصنوعی ذہانت پر مبنی زبان سے متعلق ٹیکنالوجیز تیار کرنے کی اسکیم کی بنیاد وزیر اعظم نریندر مودی کے لسانی پیشرفت کیلئے ٹیکنالوجی کو بہتر بنانے کے تصور پر ہے۔ تمل ناڈو میں چنئی میں ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے AI تمل اسکیم کا افتتاح کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ یہ اسکیم بھارت کی قدیم ترین زبانوں میں سے ایک کو مربوط کرنے کے وسیع تر مشن کا ایک حصہ ہوگی۔ مرکزی وزیر نے یقین دلایا کہ اپنی نوعیت کی تمل AI کی یہ اسکیم نہ صرف زبان کی ترقی میں طویل سفر طے کرے گی بلکہ دیگر زبانوں کے لوگوں کے فائدے کیلئے ترسیل کو بھی بہتر کرے گی۔x

## Delhi Fire

دلّی میں دوارکا سیکٹر 13 کی ایک رہائشی سوسائٹی میں ساتویں منزل کے ایک میں لگی آگ سے بچنے کی غرض سے تین افراد نے اپنی بالکنی سے چھلانگ لگا دی، جس کے سب ان تینوں کی موت ہوگئی۔ دو بچوں یعنی ایک لڑکا اور ایک لڑکی اور ان کے والد کو اسپتال پہنچایا گیا جہاں انہیں مردہ قرار دیا گیا۔ دلّی فائر سروسز کے مطابق، آگ لگنے کی اطلاع ملتے ہی، آگ پر قابو پانے والی آٹھ گاڑیوں کو موقع پر روانہ کر دیا گیا تھا۔ x

## Rajasthan Children

راجستھان کے ٹونک ضلع کے Banas دریا میں آج کم از کم آٹھ افراد ڈوب گئے۔ مردوں کا ایک گروپ نہانے کیلئے دریا میں اُترا تھا کہ یہ لوگ پھسل کر گہرے پانی میں چلے گئے۔ اُنھیں فوراً اسپتال لے جایا گیا جہاں ڈاکٹروں نے آٹھ کو مردہ قرار دے دیا۔ تمام مہلوکین جے پور کے حسن پور علاقے کے رہنے والے ہیں۔ ٹونک کے SP وکاس Sangwan نے بتایا کہ دیگر تین کو بچا لیا گیا اور اُن کی حالت مستحکم ہے۔ راجستھان کے وزیر اعلیٰ بھجن لال شرما نے اِس واقعے پر گہرے افسوس کا اظہار کیا ہے۔x

## Shah Flood Review

وزیر داخلہ امت شاہ نے آج نئی دلّی میں اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کی صدارت کی، جس کے دوران ملک میں سیلاب سے نمٹنے کی غرض سے کی جانے والی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔وزیر داخلہ نے ملک میں سیلاب کی تباہ کاریوں میں کمی لانے کے مقصد سے کئے جانے والے طویل مدتی اقدامات کا بھی جائزہ لیا۔ x

## IMD Heatwave

بھارت کے محکمہ موسمیات نے آج دلّی، ہریانہ، چنڈی گڑھ، جموں وکشمیر، لداخ، مدھیہ پردیش، پنجاب، راجستھان اور اترپردیش کے کئی حصوں میں گرمی کی شدت کی پیشگوئی کی ہے۔ اگلے دو دن کیلئے محکمہ موسمیات نے اورینج الرٹ بھی جاری کیا ہے جس میں لوگوں کو خبردار کیا گیا ہے کہ وہ گرمی کی جاری لہر سے خود کو محفوظ رکھنے کیلئے اقدامات کریں۔x

## Axiom-4

بھارت کے خلاء باز اور انڈین ایئر فورس کے گروپ کیپٹن Shubhanshu-Shukla، کل Space-x کے Axiom-4مشن کے حصے کے طور پر، خلاء کے اپنے پہلے سفر کے آغاز کیلئے پوری طرح تیار ہیں۔ دو ہفتے کے اس سفر کے دوران وہ انٹرنیشنل اسپیس اسٹیشن میں قیام کریں گے۔ یہ مشن، آج لانچ کیا جانا تھا لیکن خراب موسم کی وجہ سے اسے ایک دن کیلئے ملتوی کر دیا گیا۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر، خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم– اسرو کے چیئرمین ڈاکٹر وی۔ نارائنن نے کہا کہ کل شام پانچ بج کر 30منٹ پر اس مشن کو روانہ کیا جائے گا۔ اس تاریخی مشن کے ذریعے امریکہ، بھارت، پولینڈ اور ہنگری کے چار خلاء باز، کرۂ ارض کے نچلے مدار میں سائنسی مشن کیلئے انٹرنیشنل اسپیس اسٹیشن جائیں گے۔ x

## UK Israel Sanctions

انگلینڈ نے انتہائی دائیں بازو کے دو اسرائیلی وزیروں کی جانب سے غزہ کے متعلق دیئے گئے بیانات کے سلسلے میں اُن پر پابندی عائد کردی ہے۔

انگلینڈ کے وزیر خارجہ David Lammy نے بتایا کہ Itamar Ben Gvir اور Bezalel Smotrich دونوں ہی پر برطانیہ میں داخل ہونے کے سلسلے میں سفری پابندی عائد ہوگی اور پابندی کے اقدامات کے طور پر ملک میں موجود اُن کے اثاثے منجمد کردیئے جائیں گے۔ دوسری طرف اسرائیل نے اِن پابندیوں کو یہ کہہ کر ظلم پر مبنی قرار دیا ہے کہ یہ بات ناقابل قبول ہے کہ منتخبہ نمائندوں اور حکومت کے ارکان کے خلاف اِس طرح کی کارروائی کی جائے۔ اسرائیل کے وزیر خارجہ Gideon Saar نے اعلان کیا ہے کہ اگلے ہفتے کابینہ کی میٹنگ ہوگی تاکہ اُن کے مطابق اِس ناقابل قبول فیصلے کے بارے میں ردعمل ظاہر کیا جاسکے۔x

**Australian Reacwalking**

بھارت کے Reacwalkers نے کل Innsbruck کے مقام پر آسٹریلین Reacwalking چمپئن شپ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ پرینکا گوسوامی نے خواتین کی دس کلومیٹر کی ریس میں سونے کا تمغہ حاصل کیا۔ یہ اس سیزن کی ان کی پہلی جیت ہے۔دوسری جانب، مردوں کے 35 کلومیٹر زمرے میں سندیپ کمار نے چاندی کا جبکہ رام بابو نے کانسے کا تمغہ جیتا۔ جبکہ چیک جمہوریہ کے Jaromir-Moravek نے دو گھنٹے 34منٹ اور 41 سیکنڈ میں ریس مکمل کرتے ہوئے سونے کا تمغہ جیتا۔ x

☆☆☆☆☆☆